پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

14/12/2021

4اسکیموں کے نوتعمیر اورمرمت کے لیے125لاکھ روپئے کی رقم جاری

لکھنؤ:14 /دسمبر 2021

محکمہ آبپاشی وآبی وسائل اتر پردیش کے ذریعہ محکمہ آبپاشی کی نہروں پر پختہ عمارت کی مرمت، دوبارہ تعمیر اور نوتعمیر کی 4اسکیموں کے لیے مجوزہ رقم 25000لاکھ روپئے میں سے 125لاکھ روپئے جاری کرنے کی منظوری دے دی گئی ہے۔اس ضمن میں جاری سرکاری حکم نامہ میں کہا گیا ہے کہ پروجیکٹ کے سلسلہ میں مجاز سطح سے ٹیکنکل منظوری حاصل کرنے کے بعدہی کام شروع کیا جائے ۔

اس منظور رقم میں سے ہردوئی بلاک شاردا نہر ہردوئی کے مخدوش پختہ عمارتوں کی دوبارہ تعمیر کے لیے 25لاکھ، فتح پور بلاک نچلی گنگا نہر کے رجبہا اور الپکاؤں پر پل کی مرمت کے کام کے لیے 50لاکھ روپئے، ضلع لکھیم پور کھیری میں پلیوں کی مرمت کے لیے 25لاکھ روپئے نیز ضلع لکھیم پور کھیری میں ہی پل/پلیوں کی دوبارہ تعمیر اور تعمیر جدید کے لیے 25لاکھ روپئے کی رقم جاری کی گئی ہے۔

اس سلسلہ میں محکمہ آبپاشی کے اسپیشل سکریٹری جناب مشتاق احمد کی جانب سے 13دسمبر 2021 کو سرکاری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پروجیکٹ کا تعمیری کام وقت پر مکمل کرانے کے ساتھ ہی رقم خرچ کرتے وقت حکومت کے ذریعہ وقتاً فوقتاً جاری حکم نامہ پر عمل درآمد کرانا لازمی ہے۔منظور رقم کا استعمال منظور پروجیکٹ پر ہی کیا جائے گا۔ایسا نہ ہونے پر تمام جواب دہی محکمہ آبپاشی وآبی وسائل کی ہوگی۔ضابطہ کے مطابق قانونی اجازت و ماحولیاتی کلیرنس مجاز سطح سے حاصل کرنے کے بعدہی تعمیری کام شروع کرایا جائے۔محکمہ میں فعال دیگر کاموں دیگر کاموں میں سے پل/پلیوں کے تعمیر/تعمیر جدید کے کام کو پہلی ترجیح دیتے ہوئے جاری کی جارہی ہے رقم سے اسکیم کے کام مالیاتی سال22-2021میں اولین ترجیحات پر متعلقہ چیف انجینئر کے ذریعہ کرائے جانے کی ہدایت دی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆